SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
June 23, 2016
For immediate release

**SECP seeks to amend Modaraba Ordinance**

ISLAMABAD, June 23: Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued the draft bill of amendments to the Modaraba Companies and Modaraba (Floatation and Control) Ordinance, 1980, to obtain the feedback of the public and stakeholders.

The proposed amendments intend to reflect the rapid and extensive changes in the business of modarabas. The SECP feels that in order to promote the Islamic financial services, there is a need to amend the ordinance. The proposed amendments will strengthen the *Shariah* compliance by modarabas and ensure that the systems, procedures and policies adopted by the modaraba are in line with the *Shariah* principles. It will also mitigate the reputational and operational risks and enhance the image and operational framework for modarabas as a pure Islamic financial institutions.

The major amendments to the ordinance include prohibition on the use of the word "modaraba" or any of its derivatives by any person other than a modaraba company to ensure that no one can use the word modaraba for any illegal business activities. Provisions for empowerment of the modaraba certificate holders have been introduced who will convene annual and extraordinary general meetings. Further, prohibition has been imposed on deposit raising by modarabas. Moreover, the appointment of *Shariah* Advisors by modarabas has been made mandatory. Provisions have been introduced to make the *Shariah* advisor's report as part of the annual audited accounts of the modaraba.

The draft amendments have been circulated to all the concerned quarters and have also been placed on SECP's website www.secp.gov.pk. Relevant comments and feedback may be sent to the SECP by July 22, 2016.

ایس ای سی پی نے مضاربہ آرڈیننس میں ترمیم کا فیصلہ کر لیا۔

اسلام آباد، ۲۳ جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے عوام الناس اور سٹیک ہولڈرز کی تجاویز و آراء کیلئے مضاربہ کمپنیوں اور مضاربہ (فلوٹیشن اور کنٹرول) آرڈیننس، ۱۹۸۰ میں ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا ہے۔ حالیہ برسوں میں مضاربہ کے کاروبار میں آنے والی تیزی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مجوزہ ترامیم کا مقصد آرڈیننس میں تبدیلی کرنا ہے۔ نیز ملک میں شرعی احکامات سے ہم آہنگ مالیاتی مصنوعات کے فروغ کے لئے آرڈیننس میں ترمیم کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk

ایس ای سی پی کی مجوزہ ترامیم کے نتیجے میں مضاربہ کے حوالے سے شرعی اصولوں کی مکمل پاسداری یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ ترامیم کا ایک بڑا مقصد لفظ مضاربہ کے گمراہ کن استعمال کا تدارک کرنا ہے۔ ان ترامیم کے بعد مضاربہ کمپنیوں کے علاوہ کوئی بھی شخص مضاربہ یا اس سے ماخوذ کسی لفظ کا استعمال نہیں کر سکے گا۔ مزید برآں ترامیم میں مضاربہ اسناد کے حاملین کو اختیارات دینے کے احکامات شامل کئے گئے ہیں جن کے نتیجے میں مضاربہ اسناد کے حاملین سالانہ اور غیر معمولی اجلاسِ عام بھی طلب کر سکیں گے ساتھ ہی ساتھ مضاربہ کمپنیوں کے لئے شرعی مشیروں کا تقرر اور ان کی رپورٹ کو مضاربہ کی سالانہ آڈٹ شدہ رپورٹ کا حصہ بنادیا گیا ہے۔

آرڈیننس کی ترامیم کا مسودہ شائع کر دیا گیا ہے۔ مسودے کا متن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ اس حوالے سے تجاویز و آراء ۲۲ جولائی ۲۰۱۶ تک ایس ای سی پی کو بھجوائی جاسکتی ہیں۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk